**فوری ریلیز کے لیے:** 4/9/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے منیواسکا اسٹیٹ پارک میں نیپانوچ پوائنٹ پر لگی ہوئی جنگلاتی آتشزدگی پر قابو پانے کا اعلان کیا ہے***

***ریاستی، مقامی، نیشنل گارڈ، اور کیوبیک شراکت داروں کی جانب سے کثیر محکمہ جاتی کوششوں سے آٹھ دن کی خطرناک صورت حال کے بعد آگ پر قابو پا لیا گیا ہے۔***

***ریاستی رینجرز برائے جنگلات کی قیادت میں ریاستی اور مقامی فائر فائٹرز کی ایک چھوٹی سی فورس آگ پر قابو پانے کی پیشگی کوششوں کے طور پر آگ لگنے کے کسی بھی آثار پر قابو پانے کے لیے پارک کی نگرانی جاری رکھے گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ منیواسکا سٹیٹ پارک پریزرو میں نیپانوچ پوائنٹ وائلڈ لینڈ پر لگنے والی آگ پر قابو پانے کی آٹھ دن کی سرتوڑ کوششوں کے بعد اب آگ پر قابو پا لیا گیا ہے۔ ریاستی محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation) کے رینجرز برائے جنگلات کے ساتھ کہ جو دفتر برائے پارکس، تفریح اور تاریخی تحفظ (Office of Parks, Recreation and Historic Preservation)، ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی سروسز ( Division of Homeland Security and Emergency Services)، نیویارک کی ریاستی پولیس (New York State Police)، السٹر کاؤنٹی، اور بہت سے دیگر ریاستی اور مقامی شراکت داران کے تعاون سے حادثے پر قابو پانے کی قیادت کر رہے ہیں۔ آگ پر قابو پانے کی پیشگی کوششوں کے طور پر ریاست کی چھوٹی سی فورس اور مقامی ماہرین کے ساتھ علاقے میں ردعمل کی کارروائیاں آئندہ دنوں میں جاری رہیں گی۔ اس ہفتے کے اوائل میں، گورنر نے اہلکاروں اور آرمی نیشنل گارڈ کے UH-60 بلیک ہاک ہیلی کاپٹرز سمیت اضافی ریاستی اثاثے تعینات کیے۔ قابو پانے کی کارروائیوں میں معاونت کے لیے کیوبیک سے بیس فائر فائٹرز جمعرات کو نیویارک پہنچے۔ 200 سے زائد فائر فائٹرز، بلڈوزر آپریٹرز، پائلٹس اور دیگر پیشہ ورانہ عملے سمیت رضاکاران پورا ہفتہ آگ پر قابو پانے کے لیے کوششیں کرتے رہے ہیں۔

"گزشتہ ایک ہفتے کے دوران، ریاستی، مقامی ایجنسیز اور صوبہ کیوبیک کے فائر فائٹر کارکنان اور عملے کو منیواسکا سٹیٹ پارک پریزرو جنگل میں لگی آگ پر قابو پانے کے لیے تعینات کیا گیا تھا اور آج وہ آگ پر مکمل طور پر قابو پانے میں کامیاب رہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم نے تیز کارروائی کی، مربوط ردعمل کا آغاز کیا اور آگ بجھانے والے ابتدائی اہلکاران کو ان کا مشن مکمل کرنے میں ہر ممکنہ وسائل فراہم کیے۔ میں نہایت جانفشانی سے کام کرنے پر ان سب کی مشکور ہوں، جو اپنے خاندانوں سے دور اور نیویارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ہر روز ان تھک محنت کرتے ہیں۔"

منیواسکا سٹیٹ پارک پریزرو میں نیپانوچ پوائنٹ کی آگ 27 اگست بروز ہفتہ، مشتبہ طور پر آسمانی بجلی گرنے کے نتیجے میں لگنا شروع ہوئی اور یہ آگ پارک کے اندر تقریباً 142 ایکڑ پر پھیل گئی۔ منگل کی رات بھر ہونے والی بارش نے آگ کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں مدد دی اور فائر فائٹرز کے لیے کنٹرول لائنز بنانا ممکن ہوا۔ جمعرات کی رات تک ان کنٹرول لائنز کے ذریعے آگ پر 40 فیصد اور جمعہ کی رات تک، آگ پر 75 فیصد قابو پا لیا گیا تھا۔ نیپانوچ پوائنٹ پر لگی آگ پر 60 فیصد قابو پا لیا گیا ہے اور آنے والے دنوں میں اس پر مکمل قابو پانے کے لیے سخت گرم حصوں سے نمٹنے کی سختی سے تاکید کی جائے گی۔ توقع کی جاتی ہے کہ آج رات ہونے والی بارش سے

آگ بجھانے کی جاری کارروائیوں میں مدد ملے گی، اور آگ پر قابو پانے کی پیشگی کوششوں کے طور پر دھواں اور حدت جاری رہ سکتی ہے۔ گزشتہ ہفتے شوانگنک (Shawangunk) فائر کمپلیکس، اسٹونی کِل (Stony Kill) اور ورٹسبورو (Wurtsboro) کے ایک حصے کے طور پر قابو پائی جانے والی دیگر دو قریبی آتشزدگیوں پر بھی مکمل طور پر قابو پا لیا گیا ہے۔

منیواسکا سٹیٹ پارک پریزرو بدھ، 7 ستمبر کو دوبارہ کھل جائے گا۔ پریزرو کے کچھ حصے غیر معینہ مدت کے لیے بند رہیں گے جب کہ آگ لگنے سے پارک لینڈ پر پڑنے والے اثرات کو دور کرنے، کٹاؤ کو کم سے کم کرنے اور حملہ آور انواع کی آمد کو روکنے کے لیے کام جاری ہو۔ درج ذیل ٹریلز بند رہیں گے:

- ایلن ویل سے جھیل آووسٹنگ تک سمائلی کیریج روڈ
- ہائی پوائنٹ کیریج روڈ
- بیری پِکر فٹ پاتھ
- مائن ہول فٹ پاتھ

جب سے آگ لگی ہے، ریاستی اور مقامی وسائل کی ایک مربوط جدوجہد کے ساتھ، آگ پر قابو پانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ فائر فائٹرز ریاستی جنگلاتی رینجرز کی قیادت کے تحت ایک مشترکہ متحدہ کمانڈ میں کام کر رہے ہیں۔ دوسری ریاستوں میں انجام دی گئی جامع تربیت اور مشترکہ وائلڈ لینڈ فائر فائٹنگ مشنز کی وجہ سے رینجرز برائے جنگلات حادثے سے نمٹنے اور آگ پر قابو پانے کی حکمت عملیوں کے حوالے سے شاندار تجربہ رکھتے ہیں۔ نیویارک سٹیٹ پولیس ایوی ایشن، کثیر ایجنسی اضافی وسائل میں شامل ہے، جس میں دو ہیلی کاپٹرز اورچار پائلٹس مصروفِ عمل ہیں، جو آگ لگنے کے بعد سے اس جگہ روزانہ تقریباً 400 بالٹیاں پانی گراتے ہیں۔ آرمی نیشنل گارڈ کے دو بلیک ہاک ہیلی کاپٹرز میں سے ہر ایک نے ہر گھنٹے میں پانی کی 12 بالٹیاں، یعنی مجموعی طور پر 129,000 گیلن بالٹیاں پانی گرایا۔ ریاستِ نیویارک ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز ( New York State Division of Homeland Security and Emergency Services) نے مزید معاونت فراہم کرنے کے لیے ریاست کی حادثاتی انتظامی ٹیم اور متعدد ہنگامی مواصلاتی ماہرین کو بھی روانہ کیا ہے۔ ضبط و انسدادِ آگ کے ریاستی دفتر (State Office of Fire Prevention and Control) نے اضافی وسائل کی بروقت ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لیے ریاست کے فائر موبلائزیشن اینڈ میوچل ایڈ پلان اور فائر آپریشن سینٹر کو فعال کیا ہے۔

شمال مشرقی جنگلات کے آگ سے تحفظ کے معاہدے (Fire Protection Compact) کے ذریعے حاصل کردہ، کیوبیک، کینیڈا سے بیس فائر فائٹرز، جمعرات کو پہنچے۔ سنہ 1940 کی دہائی میں طے پانے والا معاہدہ، اپنی رکن ریاستوں اور صوبوں کو ایسی آگ سے نمٹنے کے لیے وسائل فراہم کرتا ہے جس سے معلومات، ٹیکنالوجی اور وسائل کے اشتراک (یعنی باہمی امداد) کی سرگرمیوں کے ذریعے کسی ایک رکن کی صلاحیتوں سے نمٹنا شاید ممکن نہ ہو۔

**ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "روک تھام کا یہ اقدام منیواسکا اور آس پاس کی کمیونٹیز کے لیے ایک شاندار خبر ہے اور میں DEC کے رینجرز برائے جنگلات اور ہنگامی حالات میں ان دیگر سینکڑوں آگ بجھانے والے اہلکاران کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس آگ سے کامیابی کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لیے دن رات کام کیا۔ ان کا کام اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ آگ مکمل طور پر بجھ نہیں جاتی، اور ہم جنگلاتی آتشزدگی کو روکنے کے لیے ہڈسن ویلی سمیت ریاست بھر میں اپنی نگرانی جاری رکھیں گے۔ عوام سے ہماری یہ درخواست ہے کہ وہ اپنا کردار ادا کریں اور اس موسم میں آگ کے محفوظ استعمال کے لیے احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔"

**ریاست نیویارک پارکس کے کمیشنر Erik Kulleseid نے کہا، "**یہ سنگ میل ان تمام لوگوں کے لیے ایک شاندار خبر ہے جو منیواسکا سٹیٹ پارک پریزرو سے محبت کرتے ہیں۔ میں اپنے ریاستی پارک کے عملے اور اپنے تمام ریاستی اور مقامی شراکت داروں کا شکرگزار ہوں جنہوں نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران منیواسکا کی تمام تر خصوصیات کی حفاظت کے لیے انتھک محنت کی۔**"**

**ریاست نیویارک کی وطن کی سلامتی اور ہنگامی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "اس گزشتہ ہفتے السٹر کاؤنٹی کی زمینی حدود میں موجود ہماری ریاست اور مقامی ایجنسی کے اہلکاروں کا، کیوبیک سے ہمارے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے شکریہ، کہ انہوں اس آگ کے مزید پھیلنے سے پہلے اس پر قابو پا لیا۔ یہ ردعمل گورنر Hochul کی قیادت اور ہماری نافذ العمل ان شراکت داریوں کی وجہ سے ممکن ہوا جو نیویارک کے باشندوں کو نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے مصروفِ عمل ہیں۔"

**ریاست نیویارک پولیس سپرنٹنڈنٹ Kevin P. Bruen نے کہا،** "اس میں شامل تمام شراکت داروں کی انتھک کوششوں کی وجہ سے، جنگلاتی آتشزدگی پر اب قابو پا لیا گیا ہے۔ میں زمینی اور فضائی عملے میں موجود ان مردوں اور خواتین کی خدمات کو سراہنا چاہتا ہوں جنہوں نے آگ پر قابو پانے کے لیے سخت محنت کی۔"

**نیویارک کے ایڈجوٹنٹ جنرل، میجر جنرل Raymond Shields نے کہا،** "ہمارے فوجی اور ہواباز اس آگ پر قابو پانے میں دیگر ریاستی اداروں کے ساتھ مل کر اپنا کردار ادا کرنے پر خوش ہیں۔"

**السٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Patrick K. Ryan نے کہا،** "گورنر Hochul برفانی طوفان، بجلی کی بندش، طوفانی بگولے اور جنگلاتی آتشزدگی جیسے مشکل وقت میں ہمارے ساتھ موجود رہیں، اور یہ السٹر کاؤنٹی میں ابھی گزشتہ سال ہی ہوا ہے۔ اگرچہ ہمیں گزشتہ سال میں بہت سے خوفناک قدرتی آفات کا سامنا کرنا پڑا ہے جو کہ خدشے کی بات ہے، تاہم مجھے اس بات پر فخر ہے کہ ہماری کمیونٹی کس طرح ایک دوسرے کی مدد کے لیے مسلسل ساتھ کھڑی رہی ہے۔"

نیویارک کی ہڈسن ویلی اور کیٹسکل کے علاقے آگ کے خطرے کی زیادہ زد میں رہتے ہیں (آگ کے خطرے کا موجودہ نقشہ دیکھیں)، یعنی بیرونی آگ تیزی سے پھیلنے کی صلاحیت رکھتی ہے، خاص طور پر اگر ہوا تیز ہو۔ اِلا یہ کہ چھوٹی حالت میں کامیابی سے قابو پا لیا جائے، آگ سنگین ہو سکتی ہے اور اس پر قابو پانا مشکل ہو سکتا ہے۔

مڈ ہڈسن ریجن اسٹیٹ پارکس میں تمام کیمپ فائر اور کھلے چولہے جلانے پر فی الحال پابندی ہے۔ مزید معلومات کے لیے parks.ny.gov چیک کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظه کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418